18-10-2024

13.50 Hrs

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

----------------------------

1 جھارکھنڈ میں پہلے مرحلے اسمبلی انتخابات کے لئے نوٹیفیکیشن جاری ہونے کے ساتھ کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کام شروع ہوگیا ہے۔ اترپردیش میں بھی 9 اسمبلی سیٹوں کے ضمنی انتخابات کے لئے بھی نامزدگیاں داخل کرنے کا کام شروع ہوگیا ہے۔

2 سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ بچوں کی شادیوں کی روک تھام کا قانون، پرسنل لاء پر بھی لاگو ہوگا۔

3 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج دوپہر Lilongwe میں ملاوی کے اپنے ہم منصب Lazarus Chakwera کے ساتھ دو طرفہ اور وفد کی سطح کی بات چیت کریں گے۔

4 وزیراعظم نریندر مودی، Kazan میں BRICS سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لئے منگل سے روس کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔

5 دلی این سی آر میں ہوا کی کوالٹی ابتر ہوکر خراب کے زمرے میں آگئی ہے، کیونکہ موسم سرما سے پہلے ہی شہر پر، دھند کی ایک چادر چھاگئی ہے۔

6 اور آج Odense ڈنمارک میں اوپن بیڈمنٹن میں، خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پی وی سندھو کا مقابلہ انڈونیشیا کی گریگوریامارسکا تُن جُنگ سے ہوگا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے---

## ASSEMBLY POLLS NOTIFICATIONS

جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے سے متعلق نوٹیفیکیشن آج جاری ہونے کے ساتھ ہی کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کام شروع ہوگیا ہے۔ اس مہینے کی 25 تاریخ نامزدگیاں داخل کرنے کی آخری تاریخ ہے۔ اس مرحلے کے تحت 43 حلقوں میں 13 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 28 اکتوبر کو ہوگی۔ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ اس ماہ کی 30 ہے۔

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات دو مرحلوں میں کرائے جائیں گے۔ دوسرے مرحلے کی پولنگ 20 نومبر کو ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کرائی جائے گی۔

ایس پہلی بار ہے کہ انتخابی کمیشن نے امیدواروں کے لئے نامزدگی داخل کرنے کے لئے آن لائن سہولت فراہم کی ہے۔

جھارکھنڈ کے اعلیٰ انتخابی افسر کے۔ روی کمار نے بتایا کہ نامزدگی فارم آن لائن پورٹل Suvidha.eci.gov.in پر دستیاب ہے۔ اس پورٹل پر امیدوار اپنا کاؤنٹ بناکر نامزدگی فارم بھر سکتے ہیں اور ضمانت کی رقم بھی جمع کرسکتے ہیں۔

اترپردیش میں بھی نامزدگیاں داخل کرنے کا کام شروع ہوگیا ہے۔ یہاں آج 9 اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے لئے نوٹیفیکیشن جاری کیا گیا ہے۔ کاغذات نامزدگی اس ماہ کی 25 تاریخ تک داخل کئے جاسکتے ہیں۔ جن اسمبلی حلقوں میں انتخاب ہونا ہے وہ ہیں، کٹیہاری، کڑھل، میراپور، کُندرکی، پھول پور، سِیسا ماؤ، غازی آباد، مَجھاوَر اور خیر۔ ان نو میں سے آٹھ سیٹیں لوک سبھا انتخابات میں اس کے ارکان اسمبلی کے ممبر پارلیمنٹ کے طور پر چنے جانے کی وجہ سے خالی ہوگئی تھیں۔

البتہ سِیسا ماؤ میں سماجوادی پارٹی کے ایم ایل اے عرفان سولنکی کو نااہل قررا دئیے جانے کے سبب ضمنی انتخاب کرائے جارہے ہیں۔

## SC MARRIEGE

سپریم کورٹ نے آج حکم دیا ہے کہ بچوں کی شادی کی روک تھام سے متعلق قانون کو پرسنل لاء سے نہیں ہٹایا جاسکتا اور بچوں کی شادی سے، اپنی پسند کے رفیق حیات کو چُننے کی آزادی کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ اور جسٹس جے بی پاردی والا اور منوج مشرا پر مشتمل ایک بینچ نے ملک میں بچوں کی شادی کی روک تھام سے متعلق قانون پر مؤثر طور پر عمل درآمد کے لئے رہنما خطوط بھی جاری کئے۔

فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے چیف جسٹس چندر چوڑ نے زور دے کر کہا کہ پرسنل لاء بچوں کی شادی کی روک تھام کے ملک کے قانون کے نفاذ میں رُکاوٹ نہیں بننا چاہئے۔x

## PREZ MALAWI VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج مَلاوی کی اعلیٰ قیادت سے دو طرفہ ملاقاتیں کریں گی اور وفد کی سطح کی بات چیت کریں گی۔ ملاوی کے اپنے تین روزہ دورے کے دوسرے دن صدر جمہوریہ مرمو جمہوریہ ملاوی کے صدرLazarus Chakwera کے ساتھ دو طرفہ ملاقاتیں کریں گی۔ آج مختلف موضوعات پر وفد کی سطح کی ملاقاتیں بھی ہوں گی۔ صدر جمہوریہ نیشنل وار میوزیم اور مقبرے پر بھی جائیں گی۔ انھوں نے کل شام بھارتی برادری کے لوگوں سے بات چیت کی۔ انھوں نے بھارتی برادری سے زور دے کر کہا کہ وہ اچھا کام کریں اور وکست بھارت کے ویژن میں سرگرمی سے شرکت کریں۔

صدر جمہوریہ موریطانیہ اور الجیریا سمیت تین افریقی ملکوں کے اپنے ایک ہفتہ طویل دورے کے آخری مرحلے میں کل ملاوی پہنچی تھیں۔×

## SMOG DELHI

قومی راجدھانی میں موسم سرما کی آمد سے پہلے ہی کہرا چھایا ہوا ہے۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ CPCB کے مطابق راجدھانی میں ہوا کی کوالٹی خراب ہوگئی ہے۔ آج صبح ہوا کی کوالٹی سے متعلق اشاریہ AQI، 292 تک پہنچ گیا۔ CPCB کا کہنا ہے کہ خراب AQI کے سبب لوگوں کو سانس لینے میں پریشانی ہوسکتی ہے۔ اس تناظر میں دلی کے محکمہئ ماحولیات نے آج دلی سیکریٹریٹ میں متعلقہ عہدے داروں کی ایک ہنگامی میٹنگ طلب کی۔××

## PM RUSSIA

وزیراعظم نریندر مودی اس ماہ کی 22 تاریخ سے روس کے دو روزہ پر جائیں گے۔ وہ وہاں برازیل، روس، بھارت چین اور جنوبیء افریقہ BRICS کی سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ Kazan میں یہ سربراہ کانفرنس محض عالمی ترقی اور سلامتی کے لئے کثیر ملکی نظام کو مستحکم کرنے کے موضوع پر منعقد ہوگی۔ اس سربراہ کانفرنس سے عالمی بنیادی مسائل پر بات چیت کے لئے رہنماآن کو ایک اہم پلیٹ فارم فراہم ہوگا۔x

## J&K MINISTERS PORTFOLIOS

جموں و کشمیر میں، مرکز کے زیر انتظام علاقے کی حکومت نے آج، نئے مقررہ وزیروں کے قلمدانوں کا اعلان کردیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ راج بھون سے جاری اعلامیے کے مطابق لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں و کشمیر انتظامیہ میں مختلف وزیروں کی محکمہ جاتی ذمہ داریوں کا خاکہ پیش کیا۔

نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری، پبلک ورکس R&B، صنعتوں اور تجارت، کانکنی، محنت و روزگار، ترقی اور ہنرمندی کے فروغ کے محکموں کے انچارج ہوں گے۔

سکینہ مسعود اِتّو، صحت اور طبی تعلیم، اسکول تعلیم، اعلیٰ تعلیم اور سماجی بہبود کی ذمہ داریاں سنبھالیں گی۔

جل شکتی، جنگلات، ماحولیات اور قبائلی امور کے محکمے، جاوید احمد رعنا کو دئیے گئے ہیں۔

جبکہ جاوید احمد ڈار کو زرعی مصنوعات، دیہی ترقی اور پنچایت راج، امداد باہمی اور انتخابات کے محکمے دئیے گئے ہیں۔

ستیش شرما، خوراک، سول سپلائی اور صارفین امور، ٹرانسپورٹ، سائنس و ٹکنالوجی، اطلاعاتی ٹکنالوجی، نوجوانوں کی خدمات اور کھیل کود نیز ARI اور تربیت کے محکمے دئیے گئے ہیں۔

حکم نامے میں یہ وضاحت بھی کی گئی ہے کہ جو کوئی محکمہ کسی وزیر کو نہیں دیا گیا ہے وہ وزیراعلیٰ کے زیر نگرانی رہے گا۔x

## J&K LGs MEETING

جموں و کشمیر میں، مرکز کے زیر انتظام علاقے کی حکومت نے آج، نئے مقررہ وزیروں کے قلمدانوں کا اعلان کردیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ راج بھون سے جاری اعلامیے کے مطابق لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں و کشمیر انتظامیہ میں مختلف وزیروں کی محکمہ جاتی ذمہ داریوں کا خاکہ پیش کیا۔

نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری، پبلک ورکس R&B، صنعتوں اور تجارت، کانکنی، محنت و روزگار، ترقی اور ہنرمندی کے فروغ کے محکموں کے انچارج ہوں گے۔

سکینہ مسعود اِتّو، صحت اور طبی تعلیم، اسکول تعلیم، اعلیٰ تعلیم اور سماجی بہبود کی ذمہ داریاں سنبھالیں گی۔

جل شکتی، جنگلات، ماحولیات اور قبائلی امور کے محکمے، جاوید احمد رعنا کو دئیے گئے ہیں۔

جبکہ جاوید احمد ڈار کو زرعی مصنوعات، دیہی ترقی اور پنچایت راج، امداد باہمی اور انتخابات کے محکمے دئیے گئے ہیں۔

ستیش شرما، خوراک، سول سپلائی اور صارفین امور، ٹرانسپورٹ، سائنس و ٹکنالوجی، اطلاعاتی ٹکنالوجی، نوجوانوں کی خدمات اور کھیل کود نیز ARI اور تربیت کے محکمے دئیے گئے ہیں۔

حکم نامے میں یہ وضاحت بھی کی گئی ہے کہ جو کوئی محکمہ کسی وزیر کو نہیں دیا گیا ہے وہ وزیراعلیٰ کے زیر نگرانی رہے گا۔x

RAJNATH DRDO

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج کہا کہ غیر روایتی ہتھیاروں کی وجہ سے دفاع کے شعبے میں نئے چیلنج پیدا ہوئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ٹکنالوجی کی وجہ سے غیر روایتی ہتھیاروں کی اس نئی شکل میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے یہ بات نئی دلی میں پانچویں Dare to Dream اختراع کے مقابلے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

[(null) - 1400- Rajnath- DRDO]

جناب سنگھ نے اختراع کی جانب حکومت کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے دفاع کے شعبے میں تحقیق و ترقی کی بڑھتی ہوئی اہمیت پر زور دیا۔

انھوں نے کہا کہ دنیا میں تبدیلیاں آرہی ہیں، لہٰذا ٹکنالوجی اور تحقیق و ترقی کی اہمیت بھی اسی رفتار سے بڑھ رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت ملک کے دفاعی شعبے کو مزید اختراعی اور ٹکنالوجی سے لیس بنانے کے لئے وقف ہے۔

وزیر موصوف نے روایتی ہتھیاروں کی تبدیل ہوتی ہوئی نوعیت پر کہا کہ ہتھیاروں اور سازو سامان میں آج ٹکنالوجی کی وجہ سے بڑی تبدیلیاں آرہی ہیں۔

انھوں نے Dare to Dream اقدام میں شرکت کرنے والوں کو یہ کہتے ہوئے مبارکباد دی کہ جب نوجوان کسی نئی چیز کا خواب دیکھنے کی جسارت کرتے ہیں تو اِن خوابوں کو پورا کرنے کے لئے ایک نیا راستہ تعمیر کیا جاسکتا ہے۔x

BADMINTON

بیڈمنٹن میں بھارت کی سرکردہ کھلاڑی پی وی سندھو کا آج ڈنمارک اوپن میں خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں انڈونیشیا کی عالمی نمبر 8 کھلاڑی Gregoria Mariska Tunjung سے مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ بھارت وقت کے مطابق سہ پہر چار بجکر 10 سے کھیلا جائے گا۔ اس سے قبل سندھو نے پری کوارٹر فائنل میں چین کی Han Yue کو ہرایا تھا۔x

RAILWAYS TICKETING

بھارتی ریلویز نے پیشگی ٹکٹ بُکنگ کی مدت کم کرکے آدھی کردی ہے۔ ریلویز نے ایک بیان میں کہاہے کہ مسافر اب 60 دن پہلے ٹرین کے ٹکٹ بُک کراسکیں گے جبکہ پہلے یہ مدت 120 دن تھی۔

اِس تبدیلی کا اطلاق اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے ہوگا۔ 31 اکتوبر تک مسافروں کیلئے اپنے سفر سے 120 دن پہلے ٹکٹ بُک کرانے کی سہولت دستیاب رہے گی۔ ریلویز نے کہاہے کہ تاج ایکسپریس اور گومتی ایکسپریس جیسی دن میں چلنے والی بعض ایکسپریس ریل گاڑیوں کے معاملے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی، جہاں پہلے ہی پیشگی ریزرویشن کی مدت کم ہے۔

البتہ غیرملکی سیاحوں کیلئے ایڈوانس بُکنگ کیلئے وقت کی حد 365 دن کی سطح پر برقرار رہے گی۔ x

HAMAS CHIEF DEATH

اسرائیل کی دفاعی افواج نے اعلان کیا ہے کہ جنوبی غزہ کے Rafah میں ایک منصوبہ بند زمینی آپریشن میں حماس کا سربراہ یحیٰ سِنوار ہلاک ہوگیا ہے سِنوار، کل چلائے گئے اس آپریشن میں مارے گئے، حماس کے تین ملی ٹینٹس میں سے ایک ہے۔ اسرائیل کے وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے فوجیوں کی ستائش کی ہے اور واضح کیا ہے کہ فتح چاہے کتنی ہی بڑی ہو، لیکن یہ جنگ ختم نہیں ہوئی ہے۔

تاہم حماس نے اس ہلاکت کی ابھی تصدیق نہیں کی ہے۔ سِنوار، اسرائیل پرگزشتہ برس سات اکتوبر کے حملوں کا سرغنہ تھا۔

اس سے پہلے اسرائیل نے لبنان میں ایک فضائی حملے میں حزب اللہ کے سربراہ حسن نصراللہ کو بھی مار گرایا تھا۔xx

ECB TRANS CRIC BAN

انگلینڈ کرکٹ بورڈ ECB نے اعلان کیا ہے کہ ایسی ٹرانس جینڈرخواتین، جو مردانہ بلوغت سے گزری ہیں، انہیں Tiers ایک اور دو کے خواتین کاؤنٹی مقابلوں سے باہر رکھا جائے گا۔ یہ فیصلہ اس وقت آیا ہے، جب ECB نے مقابلوں میں اپنی اہلیت کی پالیسی کو بین الاقوامی کرکٹ کونسل ICC، 2023 کی ٹرانس جینڈرشرکت سے متعلق پالیسی میں تبدیلی سے متعلق لانے کا چناؤ کیا۔ ایک بیان میں ECB نے تسلیم کیا کہ ٹرانس جینڈرکا مسئلہ ایک پیچیدہ موضوع تھا۔ لیکن کرکٹ بورڈ نے متعلقہ سائنس اور طبی شواہد سے مشورہ کیا اور فیصلہ خواتین کی کھیل کی سا لمیت، حفاظت، انصاف اور شمولیت پر مبنی کیا۔تفصیلی پالیسی اب آنے والے مہینوں میں تیار کی جائے گی۔ xx